TotalMarks:20 | **Class:9th** | Time:45min

Subject:Urdu(Subjective)

نثر پارہ کی تشریح کریں۔اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیں۔(5)

1 قریش نے اشتہار دیا تھا کہ جو شخص محمد ﷺ کو یا ابو بکرؓ کو گرفتار کر کے لائے گا، اس کو ایک خون بہا کے برابر (یعنی سو اونٹ) انعام دیا جائے گا۔ سراقہ بن جعشم نے سنا، تو انعام کی امید میں نکلا۔ عین اس حالت میں کہ آپ ﷺ روانہ ہو رہے تھے۔ اس نے آپ ﷺ کو دیکھ لیا اور گھوڑا دوڑا کر قریب آ گیا، لیکن گھوڑے نے ٹھوکر کھائی، وہ گر پڑا، ترکش سے فال کے تیر نکالے کہ حملہ کرنا چاہیے یا نہیں؟ جواب میں "نہیں" نکلا۔ لیکن سو اونٹوں کا گراں بہا معاوضہ ایسا نہ تھا کہ تیر کی بات مان لی جاتی۔ دوبارہ گھوڑے پر سوار ہوا اور آگے بڑھا۔

سوالات کے جوابات دیں (10)۔

1 ہجرت کے وقت رسول پاک ﷺ نے حضرت علیؓ سے کیا ارشاد فرمایا؟

2 ہجرت نبوی سے کیا مراد ہے؟

3 حضرت اسماءؓ نے کیا خدمات سر انجام دیں؟

4 ہجرتِ نبوی نبوت کے کون سے سال ہوئی؟

5 قریش نے کس کے لیے انعام کا اشتہار دیا تھا؟

(خلاصہ لکھیں۔ 5)

1 (a) ہجرت نبوی ﷺ

paragongrw.com

© 2022 A product of "ParagonSoft" Gujranwala,Pakistan